# اُردو اختیاری ایچ ایس سی-I

| Version No. | 1 | 8 | 5 | 5 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ — حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کرکے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) اردو نثر کا پہلا باقاعدہ دور کہاں سے تعلق رکھتا ہے؟
A بھوپال B دہلی C لکھنؤ D دکن

2) میر امن نے 'باغ و بہار' میں کس معاشرت کی عکاسی کی ہے؟
A لکھنؤ کی پرتکلف تہذیب کی B دہلوی معاشرت کی C قدیم ہندو تہذیب کی D اودھ کی کھوکھلی تہذیب کی

3) ''فسانۂ عجائب'' کس کی تصنیف ہے؟
A میر امن B رجب علی بیگ سرور C انشاء اللہ خان انشا D حیدر بخش حیدری

4) ناول کس زبان کا لفظ ہے؟
A اطالوی زبان B عربی زبان C فارسی زبان D انگریزی زبان

5) ''مرزا رسوا'' کا اصل نام کیا تھا؟
A مرزا عبدالہادی B مرزا عبدالباقی C مرزا ہادی D مرزا عبدالباری

6) ''خدیجہ مستور'' کی تحریر کی نمایاں خصوصیت کیا ہے؟
A حقیقت نگاری B جذبات نگاری C گہرا مشاہدہ D انسان دوستی

7) ''وحدتِ تاثر'' کس صنفِ ادب کی بنیادی شرط ہے؟
A داستان B ڈراما C مختصر افسانہ D ناول

8) ''پریم چند'' نے اردو ادب کو کس سے متعارف کروایا؟
A ناول نگاری B افسانہ نگاری C ڈراما نگاری D خاکہ نگاری

9) ''کتبہ'' غلام عباس کے کس افسانوی مجموعے سے ماخوذ ہے؟
A آنندی B جاڑے کی چاندنی C الحمراء کے افسانے D کن رس

10) حالؔی کی علمی و ادبی خدمات پر انہیں کیا خطاب دیا گیا؟
A ملک الشعراء B شمس العلما C بابائے تنقید D بابائے سوانح عمری

11) شوکت صدیقی کو تمغۂ حسنِ کارکردگی کس سن میں ملا؟
A 1997ء B 1998ء C 1999ء D 2001ء

12) اردو میں مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟
A نذیر احمد B سرسید احمد خاں C شبلی نعمانی D الطاف حسین حالؔی

13) مولانا شبلی نعمانی نے پروفیسر آرنلڈ سے کون سی زبان سیکھی؟
A جرمن B فرانسیسی C انگریزی D اطالوی

14) وؔلی دکنی کی آمد سے پہلے شمالی ہند میں کس زبان کا غلبہ تھا؟
A ہندی B فارسی C عربی D سنسکرت

15) ''پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اس کا'' کس شاعر کی حمد کا مصرع ہے؟
A ظفر علی خان B اقبالؔ C حالؔی D مظفر وارثی

16) رباعی کے کون سے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟
A پہلا، تیسرا اور چوتھا B دوسرا اور چوتھا C پہلا، دوسرا اور چوتھا D پہلا اور تیسرا

17) شعری مجموعہ ''نقش فریادی'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟
A فیض احمد فیض B احمد فراز C احمد ندیم قاسمی D حفیظ جالندھری

18) ''شاعرِ مزدور'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
A احسان دانش B منیر نیازی C حفیظ جالندھری D مجید امجد

19) مرثیہ کس زبان کے لفظ ''رثا'' سے ماخوذ ہے؟
A ہندی B اردو C عربی D فارسی

20) خودی و بے خودی کا فلسفہ کس شاعر نے پیش کیا؟
A فیض احمد فیض B غالبؔ C علامہ اقبالؔ D حالؔی

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲۔ ''امراؤ جان ادا'' میں مرزا ہادی رسوا کی کردار نگاری پر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ (یا) (12)

''چمپا'' پریم چند کے معروف افسانے ''زیور کا ڈبا'' کا اہم نسوانی کردار ہے۔ اس کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) پرانی رسموں کی پابندی سے ہمیں کیا نقصان پہنچے گا؟

(ii) ''ویراں کدوں'' سے فیض احمد فیض کی کیا مراد ہے؟

(iii) ''طیلسان'' کسے کہا جاتا ہے؟

(iv) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو؟'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ میں یہودی کے نزدیک گیا اور کہا: آج روز آدینہ ہے ان کو کیوں ضرب شلاق کر رہا ہے؟ اُس نے جواب دیا: اگر حمایت کرتے ہو تو پوری کر دُ ان کے عوض روپے حوالے کرو نہیں تو اپنے گھر کی راہ لو۔ میں نے کہا: کیسے روپے! وست آویز نکال، میں روپے گن دیتا ہوں۔ ان نے کہا: تمسک حاکم کے پاس دے آیا ہوں۔ اس میں میرے دونوں غلام دو بدرہ روپے لے کر آئے۔ ہزار روپے میں نے یہودی کو دیئے اور بھائیوں کو چھڑایا۔

ب۔ قوتِ متخیلہ کوئی شے بغیر مادہ کے پیدا نہیں کر سکتی بلکہ جو مصالح اس کو خارج سے ملتا ہے اس میں وہ اپنا تصرف کر کے ایک نئی شکل تراش لیتی ہے جتنے بڑے بڑے نامور شاعر دنیا میں گزرے ہیں وہ کائنات یا فطرتِ انسانی کے مطالعہ میں ضرور مستغرق رہے ہیں۔ جب رفتہ رفتہ اس مطالعہ کی عادت ہو جاتی ہے تو ہر ایک چیز کو غور سے دیکھنے کا ملکہ ہو جاتا ہے اور مشاہدوں کے خزانے گنجینۂ خیال میں خود بخود جمع ہونے لگتے ہیں۔

سوال نمبر ۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
چیلوں نے جھنڈے گاڑے تھے، پربت پر چھاؤنی چھائی تھی
تھے خیمے ڈیرے بادل کے، کہرے نے قنات لگائی تھی
اک مست قلندر جوگی نے پربت پر ڈیرا ڈالا تھا
تھی راکھ جٹا میں جوگی کی اور انگ بھبھوت رمائی تھی
سب خلقِ خدا سے بیگانہ، وہ مست قلندر دیوانہ
بیٹھا تھا جوگی مستانہ، آنکھوں میں مستی چھائی تھی

ب۔
جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
ملت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ

سوال نمبر ۶۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ (9)

(یا)

اکبر الہ آبادی پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ اقبالؒ اور نوجوان نسل
ب۔ دبستانِ لکھنؤ
ج۔ حالیؔ اور قومی اصلاح
د۔ اردو ادب میں مضمون نگاری

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ ڈراما
ب۔ مختصر افسانہ

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ قطعہ
ب۔ نظم